DUBAI GRAND SCHOOL
INTERNATIONAL

ڈبئی گرینڈ اسکول انٹرنیشنل ایچ ایم ٹی سرینگر

جماعت: سوم　　　تدریسی امدادی مواد　　　مضمون: اُردو

ایف۔اے۔ٹو

سبق (ایڈیسن۔۱)

☆سوالات کے جوابات لکھیے۔

سوال نمبر۱۔گھروں، سڑکوں، اور گلی کوچوں کا اندھیرا کون دور کرتا ہے؟

جواب۔بجلی کا بلب گھروں، سڑکوں اور گلی کوچوں کا اندھیرا دور کرتا ہے۔

سوال نمبر۲۔ایڈیسن کب اور کہاں پیدا ہوا؟

جواب۔ایڈیسن ۱۱ جنوری ۱۸۴۷ء میں امریکہ کے ایک مشہور شہر اوہیو میں پیدا ہوا تھا۔

سوال نمبر۳۔ایڈیسن کیسا بچہ تھا؟

جواب۔ایڈیسن بڑا ہی نٹ کھٹ بچّہ تھا۔

سوال نمبر۴۔کیا ایڈیسن کا یہ خیال دُرست تھا کہ کیڑے مکوڑے کھانے سے پرندوں کے پر نکل آتے ہیں؟ جواب ہاں یا نہیں میں دیجیے۔

جواب۔ نہیں۔

سوال نمبر۵۔محلول کا بچّی پر کیا اثر ہوا؟

جواب۔محلول پیتے ہی بچّی بیمار پڑ گئی۔

☆ دیئے گئے الفاظ کے جملے بنائیے۔

الفاظ	جملے
تاج	یہ تاج بہت خوبصورت ہے۔
عبادت گاہ	مسجد مسلمانوں کی عبادت گاہ ہے۔
فرض	نماز ہر ایک مسلمان پہ فرض ہے۔
ایجاد	بلب ایک فائدہ مند ایجاد ہے۔
محلول	محلول بڑا ہی میٹھا ہے۔

☆ سائنسی ایجادات۔

سائنسی ایجادات سے انسان کی زندگی آسان ہوگئی۔

اچھی ایجادات سے ہر شعبے میں سہولت ہوئی۔

کچھ ایسی ایجادات بھی ہوئی جس سے پوری انسانیت کا وجود خطرے میں پڑ گیا جیسے ایٹم بم وغیرہ۔

یہ اب انسان کے ذمہ ہے کہ وہ سائنسی ایجادات کا استعمال کیسے کرتا ہے، تباہی کے لیے یا خوشحالی کے لیے۔

سبق (ایڈیسن ۲)

☆ سوالات کے جوابات لکھیے ۔

سوال نمبر ۱۔ ایڈیسن کو کیوں اسکول سے نکال دیا گیا ؟

جواب ۔ ایڈیسن کو اپنی شرارتوں کی وجہ سے اسکول سے نکال دیا گیا۔

سوال نمبر ۲۔ ایڈیسن نے ٹیلی گرافی میں کیا انقلاب لایا ؟

جواب ۔ ایڈیسن نے ایک ایسی مشین بنائی جس کے ذریعے ایک وقت میں کئی پیغام ایک ساتھ بھیجے جاسکتے تھے۔

سوال نمبر ۳۔ ایسی دو خاص مشینیں کون سی ہیں جن کو ایڈیسن نے بہتر بنایا ؟

جواب ۔ ٹیلیفون اور ٹائپ رائٹر۔

سوال نمبر ۴۔ ایڈیسن کے اسسٹنٹ نے کس بات پر شرط لگائی ؟

جواب ۔ اسسٹنٹ نے اس بات پر شرط لگائی کہ آپ بولنے والی مشین نہیں بنا سکتے ۔

سوال نمبر ۵۔ کیا ایڈیسن باتیں کرنے والی مشین بنانے میں کامیاب ہوا؟ اس مشین کو کیا کہتے ہیں؟

جواب ۔ ہاں ایڈیسن کامیاب ہوا اور اس مشین کو گراموفون کہتے ہیں ۔

سوال نمبر ٦۔ تصویروں کی باتیں کرنے کا طریقہ کس نے ایجاد کیا ؟ اس کا نام کیا ہے؟

جواب ۔ تصویروں کی باتیں کرنے کا طریقہ ایڈیسن نے ایجاد کیا اور اس کو ٹاکی کا نام دیا گیا۔

سوال نمبر ۷۔ ایڈیسن کی سب سے مفید اور کارآمد ایجاد کیا ہے ؟

جواب ۔ ایڈیسن کی سب سے مفید اور کارآمد ایجاد بجلی کا بلب ہے۔

سوال نمبر ۸۔ پہلا بجلی کا بلب کب بنایا گیا ؟

جواب۔ پہلا بجلی کا بلب ۱۸۷۹ء میں بنایا گیا۔

سوال نمبر ۹۔ ایڈیسن کو بجلی کا بلب ایجاد کرنے میں کتنا وقت لگا اور کتنی لاگت آئی ؟

جواب۔ ایڈیسن کو بجلی کا بلب ایجاد کرنے میں دو سال کا وقت لگا اور چالیس ہزار کی لاگت آئی۔

سوال نمبر ۱۰۔ ایڈیسن کا انتقال کب ہوا؟ اس وقت اُس کی عمر کتنی تھی ؟

جواب۔ ایڈیسن کا انتقال ۱۹۱۳ء میں ہوا اس وقت اس کی عمر ۶۶ سال کی تھی۔

سوال نمبر ۱۱۔ سونے سے پہلے ہمیں بلب بُجھانا چاہئے یا اسی طرح جلتے چھوڑنا چاہئے ؟

جواب۔ سونے سے پہلے ہمیں بجلی کا بلب بجھانا چاہئے۔

☆ دیئے گئے الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

ضائع	محنت کبھی ضائع نہیں ہوتی ہے۔
دلچسپ	علی دلچسپ باتیں کرتا ہے۔
مفید	ورزش صحت کے لیے مفید ہے۔
موجد	بلب کا موجد ایڈیسن ہے۔
مہلک	غیبت کرنا ایک مہلک مرض ہے۔
انسانیت	حضور صلی للہ علیہ وسلم نے ہمیشہ انسانیت کا درس دیا۔
ایجاد	موبائل ایک اچھی ایجاد ہے۔
سدھار	زید کے طریقے میں بہت سدھار آیا ہے۔
قابلیت	انسان اپنی قابلیت سے پہچانا جاتا ہے۔
شفقت	بچوں کے ساتھ شفقت سے پیش آنا چاہیئے۔

☆ گرائمر

کلمہ کے اقسام :

اسم: اسم وہ کلمہ ہے جو کسی شخص یا جگہ یا چیز یا حیوان یا پرندہ وغیرہ کے نام کو ظاہر کرے مثلاً چپراسی، شکیل، مسجد، کشمیر، کتاب، گائے، مینا وغیرہ۔

فعل: فعل وہ کلمہ ہے جو زمانے کے تعلق کے ساتھ کسی کام کے کرنے یا ہونے کو ظاہر کرے۔مثلاً کھایا ، چلتا ہے، خریدے گا، روتا ہے وغیرہ۔

حرف: حرف وہ کلمہ ہے جو دو اسموں یا اسم اور فعل کو ملاتا ہے اور تب ہی کوئی جملہ پورا معنی دیتا ہے مثلاً احمد نے میرے بھائی کا قلم چُرایا۔اس جملے میں (نے) اور (کا) حروف ہیں۔